سوال

(919)کیا شاعری اشعار پڑھنا جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا شاعری کرنا یا اشعار پڑھنا جائز ہے؟ ہمارے ہاں میٹرک سے ایف ،اے تک کے اُردو نصاب میں جو شاعری ہے ،اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ (محمد مسعودP.P،کوٹلی ،آزاد کشمیر)(۲۹دسمبر ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اچھی شاعری کرنا جائز ہے۔ جب کہ بری شاعری سے نبی کریم ﷺ نے سخت نفرت دلائی ہے۔ یہی حکم ان اشعار کا ہے جو داخلِ نصاب ہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،متفرقات :صفحہ:627

محدث فتویٰ